Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۶	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۰ شعبان سنہ ۱۳۴۱ھ مطابق ۱۶ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء	جلد ۳۵

فہرست مضامین

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

عطاء اختیارات

۲۴ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

بملاحظہ عرضداشت صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر - بوجہ بُعد مسافت تحصیل شاہ آباد و حائل ہونے دریائے رام گنگ منشی یوسف علیخان تحصیلدار شاہ آباد کو جو کام سے واقف ہوگئے ہیں اور انکا کام اچھا ہے خاص طور پر اختیارات مجسٹریٹی درجہ اول امتحاناً چہ ماہ کیواسطے عطا فرمائے گئے۔

اضافہ

۷ اپریل ۱۹۲۳ء

بملاحظہ رپورٹ کرنل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج سید جعفر علی پیشکار افواج کی موجودہ تنخواہ میں دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔

رخصت

۷ اپریل ۱۹۲۳ء

بملاحظہ رپورٹ سید علی اکبر صاحب مہتمم توشہ خانہ ۔ مزید رخصت دو ماہ سید عزادار حسین ۔۔ منصرم گاؤ پیشش خانہ بضرورت انتظام شادی ۔ و مزید رخصت یک ماہ ۔۔ گلزار حسین محافظ دفتر صدر بوجہ آشوب چشم منظور فرمائی گئی ۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۱۰ اپریل ۱۹۲۳ء

حکم ہوا کہ

بنظر مناسب ۔

صاحبزادہ سید سعادت یار خان بہادر بمشاہرہ دو سو پچاس روپیہ ماہوار سپرنٹنڈنٹ آبکاری مقرر کئے جائیں ۔ احکام ضابطہ صدر سے جاری ہوں ۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۱۰ اپریل ۱۹۲۳ء

حکم ہوا کہ

بنظر مناسب ۔

منشی جنگ بہادر انسپکٹر آبکاری خدمات متعلقہ سے سبکدوش کئے جائیں ۔ اور بجائے انکے منشی آغا نواب محافظ دفتر فوجداری بمشاہرہ ۔۔۔ روپیہ ماہوار اسسٹنٹ انسپکٹر آبکاری مقرر ہوں ۔ صدر سے احکام ضابطہ جاری کئے جائیں ۔

نقل احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

تبادل

۹ اپریل ۱۹۲۳ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس علاء الدین سب انسپکٹر انچارج ۔۔۔ افسر دوم کوتوالی پر تبدیل ہوئے ۔ اور سردار ولی خان سب انسپکٹر افسر دوم چونکہ کے واسطے انچارج ہیں پر تعینات کئے گئے ۔ دس روپیہ ماہوار الاؤنس جو علاء الدین کو ملتا تھا وہ سردار ولی خان کو ملیگا ۔

مستقلی

۹ اپریل ۱۹۲۳ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس ۔ عبد الصمد سب انسپکٹر دوم متعینہ تھانہ ۔۔۔ ختم میعاد سے مستقل کئے گئے ۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۱۰ اپریل ۱۹۲۳ء

اشفاق حسین خان اہلمد ججی کی ایک مہینہ کی رخصت ۔ عارضی منظور ہو کر ایام رخصت اہلمد مذکور میں خلعت علی خان نقل نویس دیوانی کے کام سپرد کیا گیا تھا اسکے بعد منصرم ججی کی درخواست پر کہ رخصت یکسالہ نصف تنخواہ حسب انتظام روبکار مورخہ ۲۷ مارچ ۱۹۲۳ء منظور کیگئی تھی اور یہ حکم دیا گیا تھا کہ بعد رخصت منصرم ججی بعد واپسی اشفاق حسین خان اہلمد کو ہوگا ۔ اشفاق حسین خان اہلمد کو اپنی رخصت سے ۱۰ اپریل ۱۹۲۳ء کو حاضر ہو جانا چاہئے تھا لیکن اہلمد مذکور نے اب یہ درخواست مزید رخصت دو ماہ بوضع تنخواہ پیش کی ہے دریافت سے معلوم ہوا کہ منصرم ججی بحصول اجازت صاحب جج بہادر ۱۰ اپریل ۱۹۲۳ء کو چلے گئے چونکہ خلعت علی خان نقل نویس مذکور کو جو زمانہ رخصت یکماہ اشفاق حسین خان کے کام کر رہا تھا اسکی نسبت بسلسلہ انتظام رخصت منصرم ججی دوسرے کام معہ الاؤنس کی تجویز ہو چکی ہے اسلئے اہلمدی دیوانی پر دوسرے انتظام کی ضرورت ہے محمد یونس خان امیدوار ججی جو فی الحال بجائے ولایت حسین خان اہلمد عدالت جج عیوضا کام کر رہا ہے اور ولایت حسین خان اہلمد کی حاضری غالباً ۱۵ اپریل سنہ حال کو ہوتی ہے لہذا محمد یونس خان مذکور بعد ختم رخصت ولایت حسین خان کے عدالت ججی میں حاضر ہو کر بجائے اشفاق حسین خان اہلمد ججی کا عیوضا کام کریں ۔ اشفاق حسین خان کی تنخواہ سے پندرہ روپیہ ماہوار محمد یونس خان کو اور بقیہ دس روپیہ اشفاق حسین خان کی تنخواہ سے بیا بہ سرکار ہوا کرینگے ۔ رخصت دو ماہ اشفاق حسین خان اہلمد ججی کی بوضع تنخواہ حسب صراحت بالا منظور کی جاوے اور چونکہ محمد یونس خان مذکور کی حاضری عدالت ججی میں چند روز کا وقفہ ہے لہذا اس چند روزہ حاضری کے زمانہ محمد یونس خان تک خلعت علی خان نقل نویس مذکور اہلمدی کا بھی بدستور کام کریں بعد حاضری محمد یونس خان کے وہ اشفاق حسین خان کی اہلمدی کا کام کرینگا ۔ حکم ہوا کہ ۔۔۔ حسب صراحت بالا احکام نافذ ہوں ۔

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۹ لغایۃ ۱۵ اپریل ۱۹۲۳ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ ار	۸ ار ۰		۰۶ ار		۸ ار	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۰۹ ار	۱۲ ار		۱۳ ار		۱۳ ار	
نخود شکستہ آمیز	۰۱۲ ار	۱۳ ار		۱۴ ار		۱۵ ار	
کسہ	۱۴ ار	۱۴ ار		۱۵ ار		۱۶ ار	
ماش	۸ ار	۷ ار		۸ ار		۸ ار	
مونگ	۹ ار	۰		۸ ار		۸ ار	
مکا	۰۹ ار	۰				×	
جئی	۱۳ ار	۱۶ ار		۱۰ ار		۱۶ ار	
کوجئی	۱۲ ار	۰		۸ ار		۱۱ ار	
ماس	۱۲ ار	۱۰ ار		۱۰ ار		۱۶ ار	
رہر	۰	۰		۱۰ ار		۱۲ ار	
برنج	۰۹ ار	۴ ار		۰۷ ار		۵ ار	
روغن زرد	۲۰ چھٹانک	۲ چھٹانک		—/۱۱۱ ار		—/۱۱ ار	
روغن سیاہ	۱۰ ار	۱۰/ ار		۱/ ار		۱۰ ار	
روغن کنجد	۰	۱ ار		۲ ار		یک سیر	
نمک سانبھر	۶ ار	۰۷ ار		۷ ار		۸ ار	
نمک لاہوری	۵ ار	۰۷ ار		۵ ار		۷ ار	
قند سیاہ	۸ ار	۴ ار		۵ ار		۵ ار	
شیرہ	×	×		۰		×	